mention the full qs statement or the source of the qs for proper evaluation....

Date: ____________ Day: ____________

## تعارف:

اسلام نے بنی نوع انسان کو
پیدائش ہی سے فضیلت بخشی۔ اولادِ آدم
کو تمام مخلوقات سے اشرف بنایا۔ اس کی
بقاء کیلئے حقوق کا تعین کیا۔ جن میں
خواتین کے حقوق، غرباء اور مساکین
کا حق اور عورتوں کے حقوق شامل ہیں۔
مگر معاشی خدمات کے ساتھ ساتھ
سماجی سطح پر جو اقدامات اٹھائے ان
میں غلاموں کی آزادی، عدل و انصاف
کا قیام اور برائی سے مخالفت کے ساتھ
ساتھ نیکی کی طرف رغبت جیسے عوامل
شامل ہیں۔ مزید برآں انسان کو علم کا
شعور دیا جس سے وہ رشتوں کے درمیان
توازن قائم کرنے کے اہل ہوا۔ اللہ تعالیٰ
نے انسانوں کو آپس میں تعلقات
روا رکھنے کی بنیاد انسانیت قائم کی نہ
کہ رنگ، نسل یا ذات پات۔ اس
سے انسانوں کے درمیان باہمی یگانگت
کو فروغ ملا جو کہ ہر طبقے کے لوگوں کیلئے
قابلِ عمل ہے۔

## اسلام میں انسانی عزت و وقار کی بقاء:

## ۱) اشرف المخلوقات:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو تمام مخلوقات سے افضل بنایا۔ آیت کا مفہوم ہے کہ:

"ہم نے انسانوں کو تمام مخلوقات سے اشرف بنایا"

(القرآن)

try to add the arabic of quranic ayats. also use marker for references.

اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ انسان کو خدا نے فطری طور پر تمام مخلوقات سے افضل ترین ہونے کا شرف بخشا ہے۔ قرآن کا موضوع انسان ہونا بھی اولادِ آدم کے لیے باعثِ فخر ہے۔

## ۲) غلامی کا خاتمہ:

نبی نے غلاموں کی آزادی کو بھلا سرانجام دیا تاکہ یہ

Date: ____________ Day: ____________

تمام لوگوں کو یاد کروا دیں کہ خدا کے نزدیک سب برابر ہیں۔ صرف اسی بنا پر انسان اپنی حقیقت کا اندازہ کر لیں کہ طاقت کی کمی یا زیادتی اس کے رتبے کا تعین نہیں کر سکتی۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

"تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔"

(حدیث)

نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہم سے پہلی قوموں کی تباہی کی وجہ طاقت کا مظلوم پر بے جا استعمال تھا۔ جس سے اللہ رب العزت نے منع فرمایا۔

3) **تعلیم کا حق:**

اللہ نے انسان کو تعلیم کا حق دیا تاکہ رشتوں میں توازن برقرار رکھ سکے۔ اسی شعور نے انسان کو تمام مخلوقات پر فضیلت بخشی۔ آیت کا مفہوم ہے:

"کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں۔"

اس آگاہی اور شعور نے اس دنیا کو فتح کرنے سے لے کر چاند پر قدم رکھنے تک

Date:
Day:

کے ہنر سے آراستہ کیا۔

4) مزدور کی اجرت:

نبیؐ نے فرمایا:
"مزدور کو اُس کی اجرت اُس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو۔"
(ابنِ ماجہ)

اس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ انسان کا وقار صرف مزدور کی عظمت سے ہی نہیں بلکہ انصاف پر بھی مبنی ہے تاکہ اُس کے معاشی استحصال کو بھی روکا جا سکے۔

5) نیکی کی طرف رغبت:

اللہ نے انسان کو نیکی کی طرف رغبت اور برائی سے دُوری کا درس دیا۔ کیونکہ اس سے انسان کی عزت اور وقار پر براہِ راست اثر پڑتا ہے۔ نیکی انسان کو عزت دیتی ہے جبکہ برائی عزت کو گھٹا دیتی ہے۔
مفہوم میں فرمایا:
"بیشک نماز کو بے حیائی اور بُرے کاموں سے رُکے رہتا

Date:

Day:

"ذرائع بنایا ہے"
یہ انسانی شرف کے قیام کا اہم عمل ہے۔

6) **عورت کا مقام:**

زمانہ جاہلیت میں عورت کو
معاشی، سماجی اور معاشرتی تمام تر حقوق سے
دست بردار رکھا جاتا تھا۔ مگر اسلام نے
عورت کو مذہبی آزادی دی تاکہ وہ
اسلامی اصولوں کے مطابق باعزت زندگی
گزار سکے۔

آیت کا مفہوم ہے:
"اور بے شک ان سے پوچھا جائے گا
کہ تم کو قتل کیوں کیا گیا"

7) **مساوات کا درجہ:**

اسلام نے انسانوں کے
درمیان برابری کی شرط صرف تقویٰ مقرر
کی۔ جو لوگ بھی خود کو یکساں تصور
نہ کریں ان کی بنیاد صرف تقویٰ اور
پرہیزگاری ہے۔

آپ نے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا:

"کسی گورے کو کالے اور عربی کو
عجمی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں"

CamScanner

Date: Day:

سورۃ التوبہ"

(حدیث)

8 دورانِ جنگ اصولوں کی پاسداری:

دورانِ جنگ آپ ﷺ نے انسانی جانوں کی بے حرمتی کرنے سے منع کیا۔ اس کا مقصد وقار اور عزت کو قائم کرنا تھا آج یہی اصول بین الاقوامی چارٹر کا حصہ ہیں۔ جو کہ ہر دور میں قابلِ قبول ہیں۔ فرمایا:

"اور بچوں، بوڑھوں، عورتوں کو قتل نہ کرو اور نہ ہی املاک کو نقصان پہنچاؤ"۔

(حدیث)

9 عدل و انصاف کا قیام:

آپ ﷺ نے عدل اور انصاف کے قیام پر زور دیا۔ آیت کا مفہوم ہے کہ:

"تمہیں کسی ملک کی دشمنی نا انصافی پر مجبور نہ کرے"

یعنی ہر حال میں رنگ و نسل اور ذات پات

Date: Day:

سے بالاتر ہو کر معاشرے میں عدل کا نظام ممکن بنایا جائے۔ پہلی قوموں کی تباہی غریبوں پر ظلم اور امرا کیساتھ رعایت کا حکم تھا۔

10) **یتیم کی کفالت:**

آپ نے فرمایا کہ:

"میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ایسے ہوں گے۔ اور دونوں انگلیاں ساتھ ملائیں"

(حدیث)

اس کا مقصد معاشی استحصال اور غربت سے بچانا تھا تاکہ معاشرے میں یکسانیت کا قیام ممکن بنایا جا سکے۔

add a few more arguments in this part,.

**نتیجہ:**

تمام تر ~~ ~~ حکمت اصول بنی نوع انسان کی عظمت کا شاہکار ہیں جن پر عمل کر کے ہی انسان اشرف المخلوقات کا درجہ حاصل کر سکتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنے اہل خانہ کیلئے اچھا ہے۔ اور میں ان کے لیے بہترین ہوں۔ ان تمام تر دراصل بہتریوں کے ہونے کی وجہ

Date: ____________ Day: ____________

اسلام سے دوری ہے۔ جس کے لیے مضبوط
معاشی، معاشرتی اور سماجی سطح پر قیام کیلئے
لوگوں کو آگاہی کی ضرورت درپیش ہے۔

10

اسلام انسانی عزت اور وقار کو کیسے اجاگر کرتا
ہے۔ وضاحت کریں۔

CamScanner